2015
X

**SET-4**

**Series RLH**

**Code No. 5B**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **14** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **16** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# SUMMATIVE ASSESSMENT - II

# اُردو (کورسB)

# URDU (Course B)

وقت : ۳ گھنٹے

*Time allowed : 3 hours*

کل نمبر:۹۰

*Maximum Marks : 90*

## (حصہ الف)

**1۔** درج ذیل (غیر درسی) عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 5

ایک روز بہت تیز آندھی چلی یہاں تک کہ جنگل کے سب درخت ہل گئے اور بہت شور ہوا۔ کئی خرگوش ایک رمنے میں رہتے تھے۔ یہ شور سن کر بہت گھبرائے اور دیوانوں کی طرح اِدھر اُدھر بھاگنے لگے، چاہا کہ اپنے آپ کو سلامتی کی جگہ پہنچا دیں اور اگر یہ میسر نہ ہو تو بہتر ہے کہ اس مصیبت سے اپنے آپ کو ہلاک کر دیں۔ اسی تردد میں تھے کہ باڑ ٹوٹی دیکھ کر اس میں سے نکلے اور بھاگتے چلے گئے۔ ذرا دور آگے ایک ندی ملی، یہ دیکھ کر بہت نا امید ہوئے اور آپس میں کہنے لگے 'اے یارو! ہم جدھر جاتے ہیں اُدھر ہمارے پیچھے آفت لگی ہی آتی ہے۔ بہتر ہے کہ اس ندی میں ڈوب مریں تاکہ اس مصیبت سے چھٹکارا پائیں'۔ یہ ارادہ کر کے جب کنارے پر پہنچے تو کئی مینڈک جو وہاں بیٹھے تھے ان کو دیکھ کر ڈرے اور ندی میں کود پڑے۔ یہ دیکھ کر ایک بوڑھے سیانے خرگوش نے ان سے کہا: کھڑے رہو، خبردار، مت ڈوبو۔ دیکھو جیسا ہم کو خوف و ہراس ہے ویسا ہی دوسرے جانوروں کو بھی ہے۔ مت سمجھو کہ ہم ہی سب سے زیادہ دُکھیارے ہیں۔ بہتر ہے کہ مینڈکوں کی حالت سے سیکھیں اور جو دُکھ سُکھ خدا نے قسمت میں لکھا ہے اسے سہیں اور صبر کریں۔

(i) رمنے میں کون رہتے تھے؟

(a) جنگلی جانور

(b) مینڈک

(c) خرگوش

(d) اس میں سے کوئی نہیں

(ii) جنگل کے خرگوش کیا دیکھ کر گھبرائے تھے؟

(a) شیر

(b) آندھی

(c) بارش

(d) مینڈک

(iii) جنگل سے بھاگ کر سبھی خرگوش کہاں پہنچے؟

(a) ندی کے کنارے

(b) پڑوس کے گاؤں میں

(c) دوسرے جنگل میں

(d) شہر میں

(iv) خرگوش کی جان کس نے بچائی؟

(a) ہاتھی نے

(b) بوڑھے سیانے خرگوش نے

(c) مینڈک نے

(d) بیل نے

(v) پریشانی میں کیا کرنا چاہیے؟

(a) پریشانی میں جلد بازی سے کام لینا چاہیے۔

(b) اپنے آپ کو ختم کر دینا چاہیے۔

(c) اپنے آپ کو سب سے زیادہ دُکھیارہ سمجھنا چاہیے۔

(d) دوسروں کی پریشانی سے سبق سیکھنا چاہیے۔

**2**۔ درج ذیل (غیر درسی) شعری اقتباس کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب لکھیے۔ 5

جینے کی ہر طرح سے تمنا حسین ہے
ہر شر کے باوجود یہ دنیا حسین ہے

دریا کی تند باڑھ بھیانک سہی مگر
طوفان سے کھیلتا ہوا تنکا حسین ہے

صحرا کا ہر سکوت ڈراتا رہے تو کیا
جنگل کو کاٹتا ہوا رستہ حسین ہے

دل کو ہلائے لاکھ گھٹاؤں کی گھن گرج
مٹی پہ جو گرا ہے وہ قطرہ حسین ہے

(i) کس چیز کی تمنّا حسین ہے؟

(a) جینے کی

(b) مرنے کی

(c) کھانے کی

(d) کھیلنے کی

(ii) کس کی تند باڑھ بھیانک ہے؟

(a) جنگل کی

(b) دریا کی

(c) طوفان کی

(d) بارش کی

(iii) کس کا ہر سکوت ڈراتا ہے؟

(a) جنگل کا

(b) سمندر کا

(c) صحرا کا

(d) آندھی کا

(iv) کون سارستہ حسین ہے؟

(a) سمندر کو کاٹتا ہوا

(b) دریا کو کاٹتا ہوا

(c) پہاڑ کو کاٹتا ہوا

(d) جنگل کو کاٹتا ہوا

(v) مٹی پہ کیا گرا ہے؟

(a) پانی

(b) بوند

(c) شبنم

(d) قطرہ

3۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 10

(i) پانی کی آلودگی

(ii) انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصانات

(iii) ریل کا سفر

(iv) یومِ جمہوریہ (26 جنوری)

4۔ محکمہ تعلیم کے افسر اعلیٰ کے نام درخواست لکھ کر انھیں اسکول میں درسی کتابیں نہ ہونے کے بارے میں بتائیے، اور کتابیں فراہم کرانے کی درخواست کیجیے۔ 8

**یا**

اپنے دوست کو خط لکھ کر اپنی تعلیمی مصروفیات کے بارے میں بتائیے۔

5۔ (i) اس جملے پر غور کیجیے ''ہم کل نمائش دیکھنے گئے تھے''

زمانے کے لحاظ سے اس میں فعل کی کون سی قسم ہے؟ اس کی تعریف مثال کے ساتھ لکھیے۔ 4

(ii) وہ کام جو آنے والے وقت میں ہو، اسے کون سا فعل کہتے ہیں؟ اس فعل کی تعریف لکھیے اور مثال بھی دیجیے۔ 4

6۔ (i) سابقہ 'بد' جوڑ کر دو الفاظ بنائیے۔ 2

(ii) لاحقہ 'دار' لگا کر دو الفاظ بنائیے۔ 2

7۔ درج ذیل کے متضاد الفاظ لکھیے۔ 4

عقل مند ۔ رات ۔ جنگ ۔ خوش حالی

4

8۔ درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔

افعال ۔ افواج ۔ ذخیرہ ۔ قسم

4

9۔ درج ذیل لفظوں کے مذکر کے مؤنث اور مؤنث کے مذکر لکھیے۔

ملکہ ۔ ماموں ۔ دھوبن ۔ خادم

4

10۔ درج ذیل لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

بہادر ۔ جاں باز ۔ وقفہ ۔ اخبارنویس

## (حصّہ ۔ب)

11۔ درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 7

''ایک بار اونتی کسی دوست کی بارات میں گیا۔ بارات والوں کو بہت اچھا کھانا کھلایا گیا۔ اونتی نے بھی خوب ڈٹ کر کھایا۔ کھانا کھاتے وقت اس نے دیکھا کہ ایک مہمان مٹھائیاں صرف کھا ہی نہیں رہا ہے بلکہ جیب میں بھی بھرتا جا رہا ہے۔ اونتی بھلا ایسے موقع پر کب چوکنے والا تھا۔ وہ اپنی جگہ سے اُٹھا اور چائے کی کیتلی اٹھا کر اس مہمان کی جیب میں انڈیلنے لگا، تو وہ ناراض ہوکر بولے ''یہ کیا بدتمیزی ہے؟'' چائے انڈیلتے انڈیلتے اونتی نے بھولے پن سے جواب دیا: ''بھائی میں آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا رہا ہوں۔ آپ کی جیب نے بہت ساری مٹھائیاں کھائی ہیں اس لیے اسے پیاس لگی ہوگی۔ میں اسے چائے پلا رہا ہوں۔''

(i) ''اونتی'' کس زبان کی کہانی کا ترجمہ ہے؟

(a) چینی

(b) جاپانی

(c) انگریزی

(d) عربی

(ii) ''کیا بدتمیزی ہے'' کس نے کہا؟

(a) مہمان نے

(b) میزبان نے

(c) اونتی نے

(d) کسی دیکھنے والے نے

(iii) بارات کس موقع پر جاتی ہے؟

(a) کسی تہوار پر

(b) موت پر

(c) شادی پر

(d) کسی کی پیدائش پر

(iv) مہمان مٹھائیاں کھانے کے ساتھ اور کیا کر رہا تھا؟

(a) تھیلے میں بھر رہا تھا

(b) پھینک رہا تھا

(c) جیب میں بھرتا جا رہا تھا

(d) بچّے کو کھلا رہا تھا

(v) اونٹ نے کیا کیا؟

(a) مہمان کی جیب میں چائے انڈیلنے لگا

(b) مہمان سے جھگڑنے لگا

(c) مہمان کو کھلانے لگا

(d) مہمان کی جیب میں مٹھائی ڈالنے لگا

(vi) کس نے کہا؟ ''بھائی میں آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا رہا ہوں''

(a) میزبان نے

(b) مہمان نے

(c) اونٹ نے

(d) دیکھنے والے نے

(vii) اونتی کہاں گیا تھا؟

(a) دوست کی بارات میں

(b) سالگرہ کی پارٹی میں

(c) سیر کرنے

(d) لائبریری میں

**12.** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے۔ 7

(i) ''رضیہ سلطانہ'' کا خلاصہ لکھیے

(ii) کہانی ''کاٹھ کا گھوڑا'' میں مصنف نے کیا پیغام دیا ہے؟

**13.** درج ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

(i) انٹرنیٹ سے طلباء کو کیا فائدے ہیں؟

(ii) رضیہ کی فوج کا مقابلہ کس سے ہوا تھا؟

(iii) سعادت علی کو انگریزوں نے اودھ کے تخت پر کیوں بٹھایا؟

(iv) زمین کی بناوٹ سے زمین کی عمر کا اندازہ کس طرح لگایا جاسکتا ہے؟

**14۔** درج ذیل شعری اقتباس کوغور سے پڑھیےاوراس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ *6*

ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں
کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے
فتح کا جشن ہوکہ ہار کا سوگ
زندگی میتوں پہ روتی ہے
جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے
جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی
آگ اور خون آج بخشے گی
بھوک اور احتیاج کل دے گی

(i) اس بند کے شاعر کا نام ہے:

(a) علاّمہ اقبال

(b) بشر نواز

(c) ساحر لدھیانوی

(d) نظیر اکبرآبادی

(ii) اس نظم کا عنوان ہے:

(a) اے شریف انسانو!

(b) پہاڑ اور گلہری

(c) قدم بڑھاؤ دوستو

(d) کارتوس

(iii) ٹینک کے آگے بڑھنے سے کیا ہوتا ہے؟

(a) گولی چلتی ہے

(b) سفر جلدی طے ہوتا ہے

(c) دھرتی کی کوکھ بانجھ ہوتی ہے

(d) دشمن بھاگ جاتے ہیں

(iv) احتیاج کے معنی ہیں:

(a) روٹی

(b) ضرورت

(c) فرصت

(d) لڑائی

(v) یہاں جنگ کیا ہے؟

(a) مسئلے کا حل ہے

(b) خود ایک مسئلہ ہے

(c) دھوکہ ہے

(d) بہادری ہے

(vi) 'فتح' کے معنی ہیں:

(a) شکست

(b) جیت

(c) خوشی

(d) خاموشی

15۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے۔ 6

(i) نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا خلاصہ لکھیے۔

(ii) مرزا غالب کی شاعری پر ایک نوٹ لکھیے۔

16۔ درج ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

(i) نظم ''قدم بڑھاؤ دوستو!'' کے ذریعے شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

(ii) پہاڑ نے گلہری سے ڈوب مرنے کو کیوں کہا؟

(iii) مصرعے مکمل کیجیے:

کوئی.......... بر نہیں آتی (امید / خواہش)

کوئی..........نظر نہیں آتی (شکل / صورت)